جناب ابوسفیان اصلاحی صاحب

# اُردو میں قرآنی مطبوعات، کتابیات

علم وتحقیق کی دنیا میں اشاریات، کتابیات اور فہارس اعلام واماکن کی غیر معمولی اہمیت ہے اور اب یہ فقین کے لیے ایک ایسی بنیادی ضرورت کی حیثیت اختیار کرچکی ہے، جس سے صرف نظر کرنا ممکن نہیں رہا۔ لمی وتحقیقی کاموں کے لیے ان کی ناگزیر ضرورت واہمیت کا احساس سب سے پہلے مسلمانوں ہی نے کیا اور اس یدان میں بڑی گراں قدر خدمات انجام دیں، جس کے لیے دنیائے علم ودانش ہمیشہ ان کی مرہونِ منت رہے ، موجودہ دور میں اہل مغرب نے اس کی طرف بہت توجہ دی ہے اور اسے ترقی کی ان بلندیوں تک پہنچا دیا ہے س کا کچھ دنوں پہلے تصور بھی ممکن نہیں تھا اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے، کتابیات سے ایک بنیادی فائدہ تو یہ ہے بہت سی علمی اور تحقیقی کاوشیں جو استداد زمانہ کے باعث اہل علم کی نظروں سے اوجھل ہوچکی ہیں وہ دوبارہ نظر میں آجاتی ہیں اور اس طرح ان سے استفادہ کی راہ آسان ہوجاتی ہے نیز بہت سے غیر معروف مصنفین کی لمی خدمات سے اہل علم ودانش کو متعارف ہونے کا موقع ملتا ہے اور ان تک رسائی کی سبیل پیدا ہوجاتی ہے س کے علاوہ خصوصاً اس عہد میں جب کہ قافلۂ علم ودانش کی رفتارِ تحقیق غیر معمولی حد تک تیز ہوچکی ہے۔ سی خاص میدان میں کام کرنے والوں کے لیے یہ معلوم کرنا کہ اس مخصوص موضوع پر کیا کچھ کام ہوچکا ہے اور کہاں ہاں کیا کام ہو رہا ہے ایسا ہفت خواں ہے جس کا سر کرنا کتابیات کی رہنمائی کے بغیر ممکن نہیں۔ مختلف موضوعات ر معیاری کتابیات کی تیاری نے محققین کو اب اس کوہ کنی سے بچا لیا ہے اور ان کے کام کو بہت کچھ آسان بنا دیا ہے۔

مسلمان خود اپنی قائم کی ہوئی اس روایت کو بڑی حد تک بھول چکے تھے شکر کا مقام ہے جو علمی بیداری گذشتہ بند سالوں میں عالم اسلام کے مختلف حصّوں میں محسوس کی جارہی ہے اس کے زیر اثر بہت سے دوسرے وضوعات کے ساتھ ساتھ کتابیات کی تیاری کی طرف بھی توجہ ہوئی ہے اور اس کے خاطر خواہ نتائج سامنے رہے ہیں۔

مسلمانوں کی مذہبی اور علمی زندگی میں قرآن کریم کو جو مقام حاصل رہا ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ یہی وجہ

ہے کہ تاریخ کے ہر دور میں اس مقدس کتاب پر تفکر و تدبر اور اس کے مختلف پہلوؤں پر تصنیف و تالیف کا اہتمام کیا گیا اور جس قدر بے شمار ارباب علم و فن نے اپنی زندگیاں اس کام کے لیے وقف کر دیں اس کی کوئی نہیں۔ اس کے نتیجے میں علوم قرآن پر ایسا عظیم الشان علمی و تحقیقی سرمایہ معرض وجود میں آیا جس کی نظیر علمی میں ملنی ممکن نہیں۔ اس سلسلہ میں یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ اس عظیم علمی و تحقیقی ورثہ کی کوئی کتابیات ابھی تک تیار نہیں ہو سکی ہے جس سے اس کی کیفیت و کمیت کا مکمل اور صحیح اندازہ لگایا جا سکے اور سے استفادہ کی راہ ہموار ہو سکے۔ ایسا تو نہیں ہے کہ اس میدان میں کوئی کام ہی نہیں ہوا ہے۔ اس کام کی ہوئی ضرورت و اہمیت کے پیشِ نظر گذشتہ دنوں میں اس قسم کی متعدد کتابیں منظر عام پر آئی ہیں جو کسی قدر کمی پورا کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر معجم مصنفات القرآن (مرتبہ علی شواح اسحاق - چار جلدوں میں) قرآنی تراجم عالمی ببلوگرافی (مرتبین: عصمت بنارک اور ہیلٹ ارن) جائزہ تراجم قرآن (مرتبین: محمد سالم قاسمی، عبدالرؤف علی، سید محبوب رضوی) قرآن کریم کے اردو تراجم (مرتبہ احمد خاں) قرآن حکیم کے اردو تراجم (مرتبہ صالحہ عبدالحکیم) قرآن کے اردو تراجم مع مختصر تاریخ القرآن (مرتبہ جمیل نقوی) مسلم ورلڈ بک ریویو کے شمارے خصوصاً اس کے ضمیمے اور قرآن نمبر (۷/۴، ۱۹۸۷ء) اور مجلہ علوم القرآن میں بالاقساط شائع ہونے والا قرآنی مضامین کا اشاریہ (مرتبہ ابوسفیان اصلاحی بہ علوم القرآن: ۱/۲/۲، ۱/۲/۳، ۱/۲، ۴/۱/۲) وغیرہ کا تذکرہ کیا جا

اردو زبان کو یہ فخر حاصل ہے کہ عربی کے بعد قرآن مجید اور علوم قرآن پر سب سے زیادہ کام اسی زبان میں ہوا ہے۔ اردو میں قرآن کریم کے تراجم و تفاسیر اور مخطوطات کی متعدد فہرستیں اور کتابیات شائع ہو چکی ہیں ابھی تک علوم قرآن سے متعلق مطبوعہ کتابوں کی کوئی فہرست مرتب نہیں ہو سکی ہے۔ اگرچہ قرآنیات پر کام کرنے والوں کے لیے اس قسم کی کتابیات کی اہمیت ناقابلِ بیان ہے۔ اسی اہمیت کے پیشِ نظر بہت دنوں سے علوم القرآن کے اراکین اس بات کی شدید ضرورت محسوس کر رہے تھے کہ اردو میں قرآنیات کے موضوع پر ہونے والی کتب کی ایک مستند کتابیات تیار کی جائے۔ زیرِ نظر کتابیات اسی ضرورت اور خواہش کی تکمیل کی صورت ہے۔

اس کتابیات کی تیاری میں ہند و پاک کی مختلف اہم لائبریریوں میں موجود کتب کا جائزہ لیا گیا ہے نیز اسلامیہ نمبر ۱ کراچی انجمن فروغ و ترقی کتب خانہ جات ۱۹۸۵ء) اور نمبر ۳ (اسلامک ڈاکومینٹیشن و انفارمیشن کراچی ۱۹۸۵ء) کتابیاتِ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم (مرتبہ ڈاکٹر حافظ عبدالرحمٰن کراچی ۱۹۸۸ء) کتابیات قرآن اور علوم قرآن (مرتبہ ڈاکٹر حافظ عبدالرحمان کراچی ۱۹۹۱ء) کراچی کے مختلف کتب خانوں کی فہارس (اسلامک انفارمیشن سینٹر، کراچی) اور قاموس کتب اردو (جلد اول، انجمن ترقی اردو، کراچی ۱۹۶۱ء) بھی پیش نظر رہی

کسی بھی کتابیات کے بارے میں یہ دعویٰ تو نہیں کیا جا سکتا ہے کہ وہ بہمہ وجوہ مکمل ہے ۔ یہی بات اس کتابیات کے بارے میں بھی صادق آتی ہے ، اپنی تمام تر خواہش اور کوشش کے باوجود اس کتابیات کے بارے میں بھی یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ یہ اُردو میں شائع ہونے والی جملہ قرآنی مطبوعات کو حاوی ہے ۔ خصوصاً ہندو پاک اور بنگلہ دیش کے بہت سے کتب خانوں تک رسائی کی صورت ابھی تک نہیں ہو سکی ہے ۔ قرآنیات سے شغف رکھنے والوں سے التماس ہے کہ اس میں جو کمی محسوس ہو ، اس سے مطلع فرمائیں تاکہ اس نقص کی تلافی کی جا سکے ۔ ہم اس کے لیے ان کے صمیم قلب سے مشکور ہوں گے ۔

یہ کتابیات موضوعاتی ہے اور ہر موضوع کے ضمن میں مطبوعہ کتب کو حروف تہجی کے اعتبار سے درج کیا گیا ہے

یہ کتابیات درج ذیل موضوعات پر مشتمل ہے ۔

۱ ۔ قرآنی اشاریے ۔ ۲ ۔ اصول تفسیر ۔ ۳ ۔ اعجاز قرآن ۔ ۴ ۔ تاریخ نزول و تدوین قرآن کریم ۔ ۵ ۔ تحقیقات قرآنیات (۶) تعلیمات قرآنی ۔ ۷ ۔ تفسیر و تاویل ۔ ۸ ۔ فقہ القرآن ۔ ۹ ۔ قرآن کریم اور تاریخ عالم ۔ ۱۰ ۔ قرآن کریم اور تجوید ۔ ۱۱ ۔ قرآن کریم اور دعا ۔ ۱۲ ۔ قرآن کریم اور دیگر آسمانی کتب ۔ ۱۳ ۔ قرآن کریم اور سائنس ۔ ۱۴ ۔ قرآن کریم اور سنتِ رسول ۔ ۱۵ ۔ قرآن کریم اور عربی ادب ۔ ۱۶ ۔ قرآن کریم اور معترضین ۔ ۱۷ ۔ قرآن کریم کے فضائل ۔ ۱۸ ۔ مطالعۂ قرآن کریم مفردات قرآن کریم ۔ ۱۹ ۔ وحی اور قرآن کریم ۔ کتابیات کی پیشِ نظر قسط اوّل میں صرف اولین چار موضوعات کے تحت ضروری معلومات فراہم کی جا رہی ہیں ۔

اس کتابیات میں بہت سی ایسی کتب شامل ہیں جن کے بارے میں پوری تفصیلات دستیاب نہیں ہو سکی ہیں ۔ ایسا اس لیے ہے کہ یہ معلومات کتب خانوں کے علاوہ مختلف اشتہارات اور ناشرین کی کتب فہارس سے حاصل ہوئی ہیں ۔ اور اس کے علاوہ خود بہت سی کتابوں میں بھی پوری تفصیلات نہیں دی گئی ہیں ۔ ہمیں پورا یقین ہے کہ قرآنیات کے شائقین اس سلسلہ میں تعاون سے دریغ نہیں کریں گے ۔

اس کتابیات میں مندرجہ کتابوں کے بارے میں تفصیلات اس طور پر دی گئی ہیں ۔

۱ ۔ عنوان ۔ ۲ ۔ مصنف / مرتب / مترجم ۔ ۳ ۔ ایڈیشن ۔ ۴ ۔ مطبع و ناشر ۔ ۵ ۔ مقام اشاعت ۔ ۶ ۔ سن اشاعت ۔ ۷ ۔ جلد ۔ ۸ ۔ صفحات ۔

## قرآنی اشاریے

آئینۂ قرآن (فہرست مضامین مع تخریج آیات) عبدالقادر ۔ لودھیانہ ۔ ۱۸۸۱ء ۔ ص ۱۵۱

اشاریہ تفسیر ماجدی ۔ نذر احمد ۔ مسلم اکادمی لاہور (بدون تاریخ) ص ۴۴

افادات قرآنی ۔ محمد زبیر ۔ ایجوکیشنل پریس ، کراچی ۔ ۱۹۷۹ء ، ص ۱۳۲

الفاظ القرآن مسمی بہ نجوم القرآن ۔ چراغ الدین ۔ اسلام اسٹیم پریس ، لاہور ۔ ۱۳۲۱ھ ص ۴۷۲ ۔

انڈکس قرآنی ،کتاب الاخلاق ۔معصوم علی ادارہ تعلیم انسانیت ،کراچی ۱۳۷۸ھ ص ۵۷۱

انڈکس کلام اللہ ۔مقبول حسین ۔دہلی ۔

بنگلہ دیش میں علوم قرآنیہ کے غیر مطبوعہ مخطوطات ،(فارسی وعربی) خدابخش اورینٹل لائبریری ۱۹۸۹ء ص

پاکستان میں علوم قرآنیہ کے غیر مطبوعہ مخطوطات (فارسی وعربی) خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری ۱۹۸۹ء ص ۱۶

تبویب القرآن لضبط مضامین الفرقان ۔ وحید الزماں ۔شیخ غلام علی اینڈ سنز ،لاہور (بدون تاریخ) ص ۱۰۰

تخریج الآیات ۔ملا مصطفی ۔مطبع جعفری لکھنؤ (بدون تاریخ) ص ۱۹۸

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن ۔ممتاز علی ۔ دارالاشاعت ۔لاہور ۔۱۳۴۸ھ ۔ ۱/۱۹۲

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن ۔ممتاز علی ۔دارالاشاعت ۔لاہور ۱۳۴۸ھ ۲/۱۶۰

تفہیم القرآن کا تعلیمی انڈکس (ادارہ تحقیق وتعلیم جامعہ پنجاب ۔لاہور ۱۹۶۹ء چھ جلدیں ۔

تقویم القرآن ۔سلطان یار جنگ (مترجم مقبول احمد) دارالطبع سرکار عالی ۔ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن ۱۳۵۶ھ ص ۱۲

تکمیل انسانیت آیات قرآنی کی روشنی میں ۔کرنل افضل کیانی ،اشاعت اول ۱۹۷۹ء ص ۲۶۴

جائزہ تراجم قرآنی ۔محمد سالم قاسمی ۔سید عبدالرؤف علی ۔سید محبوب رضوی ،طبع اول مجلس معارف القرآن ،

دارالعلوم دیوبند ۔۱۹۶۸ء ۔ص ۱۸۸

جہانگیری قرآنی اشاریہ ۔سرور حسین خاں قادری ۔مکتبہ اشاعت تعلیمات القرآن ۔کراچی ۱۹۶۲ء ص ۱۴ ۔

خدابخش لائبریری میں علوم قرآنیہ کے مخطوطات (فارسی وعربی) خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری ،پٹنہ ۱۹۸۹ء ص ۲۴

ڈکشنری مضامین القرآن ۔شوکت علی فہمی ۔دین ودنیا پبلشنگ کمپنی ۔دہلی ۱۹۵۱ء ص ۳۲۰

صحیفہ حیات (قرآن اور انسان) عبدالرشید ارشد ۔بار اول ۔کاروان ادب ،ملتان صدر ۱۹۸۶ء ص ۲۸۰

علم القرآن المشہور مطالب القرآن ،اکبر علی ،رزاقی مشین پریس ،حیدر آباد ،۱۳۳۱ھ ص ۲۲۹ فہرست

قرآن ۔محمد یوسف ۔

فہرست مسلسل مضامین قرآن مجید ۔نظام الدین حسن نونتوی ۔نولکشور ۔لکھنؤ ۱۹۰۷ء ص ۲۱۳

فہرست مضامین القرآن ۔احساس عباسی گورکھپوری ۔مطبع حکیم برہم ۔گورکھپور ۱۹۳۰ء ص ۴

فہرست مضامین القرآن ۔محمد عبدالحی ،مکتبہ الحسنات رامپور ۱۹۶۶ء ص ۱۴۳

قرآن حکیم کے اردو تراجم ،صالحہ عبدالحکیم ،شرف الدین الکتبہ بمبئی ۱۹۸۴ء ص ۵۳۶

قرآنک ایڈواسس ۔پکتھال ،تاج کمپنی لمیٹڈ ،کراچی ،رامپور ،ڈھاکہ (بدون تاریخ) ص ۱۵۵

قرآن کا دائمی منشور (تفسیر موضوعی) آیۃ اللہ استاد جعفر سبحانی (مترجم سید صفدر حسین نجفی) مصباح القرآن

ٹرسٹ۔ باراوّل ۱۴۱۲ھ ص ۱۱۴

قرآن کا تعلیمی اشاریہ بحوالہ تفہیم القرآن، ریاض انجم، میٹرو پرنٹرز، لاہور ۱۹۸۶ء ص ۲۰۳

قرآن کریم کے اُردو تراجم (کتابیات) احمد خاں طبع اوّل مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ۱۹۸۷ء ص ۲۹۶

قرآن مجید اور مروّجہ اسلام، کریم بخش، طبع اوّل ادارہ فکر اسلامی کراچی ۱۹۸۰ء ص ۲۶۴

قرآن مجید کے اُردو تراجم مع مختصر تاریخ القرآن و تراجم القرآن، جمیل نقوی باراوّل ادب نما کراچی (بدون تاریخ) ص ۷۲

کلید خزائن قرآنی کاظم بیگ کارخانہ وطن لاہور ۱۹۰۶ء ص ۶۷۱

کلید قرآن فضل رسول فتح پوری ابوالعلائی پریس آگرہ ۱۹۲۵ء ص ۱۴۰

کلید قرآن مع خلاصۂ صرف و نحو محمد مظہر الدین ملتانی، بیت القرآنی (بدون تاریخ) ص ۳۰۴

کلید قرآن نوشتہ انیس احمد مطبع انسٹی ٹیوٹ، علی گڑھ ۱۳۳۴ھ ص ۱۱۶

شمولات قرآن عظیم۔ محمد نواز ملک ادارہ فکر فروغ قرآن، راولپنڈی ۱۹۹۱ء ص ۹۵۲

مصباح القرآن۔ محمد نصیب دی چلڈرن قرآن سوسائٹی، لاہور ۱۳۶۲ھ ص ۱۰۴

مصباح القرآن۔ غلام رسول سورتی تاجر کتب بمبئی۔

مضامین قرآن۔ محمد سلیم الدین شمسی، مکتبہ روحی کراچی (بدون تاریخ) ص ۲۲۲

مضامین القرآن۔ سید محمد جعفر فرید سلفی، سلفی اکیڈمی دربھنگہ بہادر (بدون تاریخ) ص ۱۲۷

مضامین القرآن۔ محمد حسین پالوا۔ پالوا برادرس۔ کراچی ۱۳۷۰ھ۔ (دو جلدیں)

مضامین القرآن۔ مہر محمد حسین۔ اسلامک پبلی کیشنز۔ لاہور ۱۹۸۰ء ص ۸۶۸

مضامین قرآن حکیم۔ زاہد ملک۔ مطبوعات حرمت راولپنڈی ۱۹۸۰ء ص ۶۹۹

مضامین قرآن حکیم۔ ابوظفر زین باراوّل غضنفر اکیڈمی پاکستان کراچی ۱۹۸۳ء ص ۴۷۲

مضامین قرآن مجید کی فہرست۔ محمد شفیع انجمن حمایت اسلام۔ لاہور (بدون تاریخ) ص ۶۳

مضامین القرآن مسمی بہ تسہیل القرآن۔ پالوا برادرس کراچی۔ ۱۹۶۵ء ص

مطالب الفرقان۔ غلام محمد مہدی، مظہر العجائب۔ مدارس ۱۲۸۱ھ ص ۳۴

معلومات قرآن۔ عثمان غنی طاہر۔ الجنز پبلی کیشنز۔ ۱۹۸۰ء ص ۱۲۰

مفتاح القرآن۔ رفیق عبدالمجید۔ مطبع نظامی کانپور ۱۲۹۲ھ ص ۲۴

مفتاح القرآن۔ مرزا قلیچ بیگ۔ خادم التعلیم پریس۔ لاہور ۱۳۲۰ھ ص ۱۴۰

موضوعات قرآن اور انسانی زندگی ۔ عبدالوحید ۔ بار اوّل ادارہ تحقیقات اسلامی ۔ اسلام آباد پاکستان ۱۹۸۶ء ص ۲۵۴

موضوعات قرآنی ۔ عرفان خلیلی ۔ بار اوّل ۔ مرکزی مکتبہ اسلامی دہلی ۱۹۸۵ء ص ۵۳۳

میزان الایمان من آیات القرآن ۔ مرزا یوسف حسین ۔ بار اوّل ۔ نامی پریس، لاہور ۱۹۷۸ء ص ۴۸۷

نجوم القرآن لتخریج آیات القرآن ۔ اصطفا بن محمد سعید ۔ مطبع محمدی ۔ لکھنؤ (بدون تاریخ) ص ۲۰۲

نجوم القرآن (قرآن مجید کے جملہ الفاظ کی ایک مکمل فہرست) فلوگل ۔ فیض بخش ایجنسی ۱۹۰۷ء ص ۴۴۶

نجوم القرآن لتخریج آیات القرآن الجدید ۔ فقیر اللہ مطبع اسلامیہ اسٹیم پریس لاہور (بدون تاریخ) ص ۲۷۴

ہندوستان میں علوم قرآنیہ کے غیر مطبوعہ مخطوطات (فارسی و عربی) خدا بخش اورنٹیل پبلک لائبریری پٹنہ ۱۹۸۹ء ص ۵۴ ۔

آثار القرآن ۔ بشیر احمد خاور ۔ مکتبہ رشیدیہ لاہور ۱۲۸۸ھ ص ۱۳۳

آئینہ تفسیر (تشریح الفوز الکبیر) محمد ناظم عظیم بک ڈپو، جامع مسجد، دیوبند (بدون تاریخ) ص ۲۶۴

اصلاح ترجمہ مرزا حیرت ۔ محمد عبدالمجید ۔ مطبع مجیدی، کانپور (بدون تاریخ) ص ۱۵

اصول تفسیر ۔ ابن تیمیہ (مترجم عبدالرزاق ملیح آبادی) مع حواشی مفیدہ از محمد عطاء اللہ حنیف بھوجیانی المکتبہ السلفیہ لاہور ۱۹۶۳ء ص ۱۱۲

اصلاح ترجمہ دہلویہ محمد یحییٰ ۔ مطبع بلالی، ساڈھورہ (بدون تاریخ) ص ۵۶

اصول تفسیر امام ابن تیمیہ (مترجم مولانا خالد) فردوس پبلی کیشنز ۔ دہلی ۱۹۸۲ء ص ۹۵

اصول حدیث، اصول تفسیر، اصول فقہ ۔ محمد منور علی ۔ مطبع اکابر المطابع بہرائچ ۱۹۲۴ء ص

تحریر فی اصول التفسیر ۔ سید احمد خاں ۔ مفید عام آگرہ ۱۸۹۲ء ص ۹۲

التحریر فی اصول التفسیر ۔ محمد مالک ۔ قرآن محل کراچی ۱۳۸۲ھ ص ۴۰۲

تنقید متین ۔ ابوالزاہد محمد سرفراز ۔ اشرف پریس، لاہور ۱۹۶۷ء ص ۲۲۴

ریاض التفسیر؛ متن قرآن: اصول تفسیر و تاریخ تفسیر محمد سرور ۔ ملک نظیر احمد لاہور ۱۹۶۸ء ص ۶۴

علوم القرآن اور اصول تفسیر ۔ محمد تقی عثمانی ۔ مکتبہ دارالعلوم کراچی ۱۳۹۶ھ ص ۵۱۰

عقد القرآن ۔ محمود علی ۔ صدیق بکڈپو لکھنؤ ۱۹۳۹ء ص ۲۸۴

فن تفسیر ۔ مرزا عزیز فیضانی دارا پوری اشہر بلڈنگ لاہور ۱۹۳۹ء ص ۳۰۰

فوائد در فوائد آگاہ محمد باقر شافعی، قادری ایلوری ۱۲۱۷ھ ص ۲۱۲

الفوز الکبیر فی اصول التفسیر۔ شاہ ولی اللہ (مترجم سید محمد مہدی الحسنی وحبیب الرحمن صدیقی) قرآن محل، کراچی ۱۳۸۳ھ ص ۸۵۔

قرآن کریم کا مقدمہ۔ عبداللہ مدنی ۱۳۶۸ھ ص ۸۵

کشاف الہدیٰ یعنی مقدمہ کتاب الہدیٰ۔ یعقوب حسن۔ مدارس (بدون تاریخ) ص ۲۰۶

مقدمہ ترجمہ القرآن محمود الحسن دیوبندی مدینہ پریس بجنور ۱۹۳۰ء ص ۶۴

مطالعۂ قرآن کے اصول ومبادی ابوالحسن ندوی مجلس نشریات اسلام کراچی ۱۴۰۱ھ ص ۱۹۶

مقدمہ تفسیر آیات خلافت۔ عبدالشکور دفتر رسالہ النجم لکھنؤ (بدون تاریخ) ص ۴۸

مقدمہ تفسیر ربانی۔ آزاد حسین سبحانی دائرہ بانیہ گورکھپور۔ سـ ص

مقدمہ تفسیر روح الایمان فی تشریح آیات القرآن۔ محمد فتح الدین۔ الیکٹرک پریس، امرتسر ۱۹۲۲ء ص ۱۷۶

مقدمہ تفسیر حقانی۔ عبدالحق حقانی دہلوی، دیوبند دہلی ۱۹۵۸ء ص ۳۴۶

مقدمہ تفسیر القرآن۔ محمد انشاء اللہ۔ حمیدیہ اسٹیم پریس لاہور ۱۹۱۰ء ص ۶۴

مقدمہ تفسیر القرآن۔ فتح محمد تائب لکھنوی۔ نول کشور لکھنؤ ۱۹۱۵ء ص ۳۰۱

مقدمہ تفسیر القرآن۔ حیرت دہلوی۔ کرزن گزٹ۔ دہلی ۱۳۲۲ھ ص ۷۱۵

مقدمہ تفسیر القرآن۔ سید علی نقوی۔ ادارہ علمیہ لکھنؤ ص ۲۷۲

مقدمہ تفسیر القرآن۔ حیرت دہلوی، دہلی ۱۳۱۷ھ ص ۵۱۲

مقدمہ تفسیر مواہب القرآن۔ امیر علی لکھنوی۔ مطبع نول کشور لکھنؤ ۱۹۲۳ء ص

مقدمہ تفسیر نظام القرآن۔ امین احسن اصلاحی طبع اوّل دائرہ حمیدیہ مدرسۃ الاصلاح، سرائے امیر اعظم گڑھ (بدون تاریخ) ص ۹۰

مقدمہ الفرقان مع توضیح ام القرآن، محمد عبیداللہ، خادم القرآن، خانپور (بدون تاریخ) ص ۹۴

مقدمہ شاندار معجز نما قرآن، انتظام اللہ شہابی، ندوۃ المصنفین۔ دہلی ۱۹۴۸ء ص ۱۶

مقدمہ معارف القرآن۔ محمد تقی عثمانی۔ ادارہ المعارف کراچی (بدون تاریخ) ص ۵۸

مقدمہ القرآن۔ عزیز نقائی تیسرا ایڈیشن۔ دفتر رسالہ پیشوا دہلی (بدون تاریخ) ص ۳۶۷

مقدمہ القرآن یعنی اصول تفسیر۔ وحید الدین خاں قادری۔ ناظم پریس، رام پور ۱۹۲۶ء ص ۷۲

مقدمہ جلد تفسیر حسینی واعظ کاشفی (مترجم فخر الدین) دہلی ۱۹۰۱ء ص ۶۴

مقدمہ تفہیم القرآن۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی۔ مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی۔ دہلی ۱۹۷۱ء ص ۴۲

مکاتبات الخلان علوم التفسیر و علوم القرآن ۔ سر سید احمد خاں و محسن الملک (مرتب محمد عثمان) احمدی پر
علی گڑھ ۱۹۱۵ء ص ۲۳۶ ۔

اثبات الاخبار فی اعجاز الابرار (معجزہ شق قمر سے متعلق) احمد علی ۔ مطبع نظامی،
۱۲۸۳ھ ص ۷۲

## اعجاز القرآن

اظہار اعجاز فرقان حمید ۔ عبدالمجید ۔ مطبع اختر دکن (بدون تاریخ) ص ۲۰

اعجاز البیان فی لغات القرآن ۔ روح اللہ ابن حاجی ممتاز علی میرٹھی ۔ فیض عام پریس، علی گڑھ ۱۳۲۲ھ

اعجاز التنزیل ۔ خلیفہ سید محمد حسن ۔ مفید عام آگرہ ۱۹۰۳ء ص ۵۰۸

اعجاز القرآن ۔ ابو الحسن صدیقی بدایونی ۔ مقتن حیدرآباد دکن ۱۹۵۷ء ص ۱۶۷

اعجاز القرآن ۔ ابو محمد مصلح حیدرآباد دکن (بدون تاریخ) ص ۳۰۲

اعجاز قرآن ۔ تمنا عمادی ۔ ادارہ طلوع اسلام، کراچی ۱۹۵۵ء ص ۱۰۸

اعجاز القرآن ۔ ماسٹر رام چندر دہلوی لاہور ۔

اعجاز القرآن ۔ محمد ادریس کاندھلوی ۱۳۵۰ھ ص ۱۴

اعجاز القرآن ۔ محمد یاسین نجم راؤ سرائے سہارنپور ۱۹۳۲ء ص ۹۷

اعجاز القرآن ۔ شبیر احمد، کتب خانہ اعزازیہ، دیوبند (بدون تاریخ) ص ۵۶

اعجاز القرآن ۔ افضل شریف ابراہیمیہ پریس، حیدرآباد دکن (بدون تاریخ) ۱۰۴

اعجاز القرآن ۔ مسرور حسین ۔ ۱۹۳۰ء

اعجاز القرآن عبدالقدیر صدیقی ۔ اعظم اسٹیم پریس ۔ حیدرآباد (بدون تاریخ) ص ۲۳

اعجاز القرآن ۔ ادارہ طلوع اسلام، کراچی (بدون تاریخ) ص ۱۱۲

اعجاز القرآن ۔ نوری توکل ۔ انجمن نعمانیہ ہند، لاہور ۱۳۳۱ھ ص ۱۴۰

اعجاز القرآن عطاء اللہ ۔ ہندوستانی کتب خانہ دہلی ۱۹۳۷ء ص ۱۰۳

اعجاز القرآن ۔ محمد ابو الحسن صدیقی ۔ مطبع شمسی آگرہ ۱۹۰۷ء ص ۶۹

اعجاز قرآن پاک ۔ مرزا محمد مہدی، دہلی (بدون تاریخ) ص ۱۱۸

اعجاز القرآن فی لغات القرآن ۔ میر ولایت حسین ۔ مطبع فیض عام، علی گڑھ (بدون تاریخ) ص ۵

اعجاز قرآنی ۔ عبدالمجید شاکر چغتائی ۔ کتب خانہ قاسمی، دیوبند ۱۹۶۸ء ص ۱۲۰

اعجاز قرآنی ۔ خادم حسین صدیقی ۔ آسی پریس، گورکھپور ۱۹۶۶ء ص ۴۴

اعجاز المبع ۔ ابوالوطار

اعجاز مسیحی ۔ تراب علی ۔ اعجاز محمدی پریس، آگرہ ۱۳۰۲ھ ص ۳۲

اعزاز قرآن (بجواب اعجاز القرآن) ناصر الدین ابو منصور دہلوی

برہان التنزیل ۔ محمد سلیم عثمانی ۔ بار اول ۔ ادارہ اسلامیات لاہور ۱۹۹۰ء ص ۲۶۴

ظہور القرآن من صدور الصبیان ۔ اشرف علی (بدون تاریخ) ص ۲۶

عجائب القرآن ۔ عبد المصطفیٰ ۔ مکتبہ نعیمیہ فریدیہ ۔ ساہیوال ۱۹۸۲ء ص ۳۲۰

عقیدۂ اعجاز القرآن کی تاریخ ۔ عبد العلیم ۔ مکتبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی ۱۹۳۵ء ص ۷۰

قرآن ایک معجزہ ۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی ۔ مرکزی مکتبہ اسلامی، دہلی ۱۹۷۸ء ص ۸

قرآن پاک ایک معجزنما کتاب ۔ عبد البصیر تنبیقی آزاد ۔ دفتر پیشوا، دہلی ۱۹۲۴ء ص ۸۰

قرآن کا نیا معجزہ ۔ احمد جلیل ریاض ہند پریس، محمد علی روڈ علی گڑھ (بدون تاریخ) ص ۱۴

قرآن کریم کا اعجاز بیان ۔ عائشہ عبد الرحمٰن بنت الشاطی ۔ بار اول (مترجم محمد رضی الاسلام ندوی) مرکزی مکتبہ اسلامی دہلی ۱۹۹۱ء ص ۲۵۰

قرآن مجید کے معجزے عبد الرحیم سلیم ۔ حلقہ مشائخ دہلی ۱۹۲۵ء ص ۴۵

مظہر العجائب (قرآن) مطبع صدیقی (بدون تاریخ) ص ۳۰۲

معجزات القرآن ۔ سید شاہ محمد قادری ۔ جماعت قرآنیہ، حیدرآباد دکن (بدون تاریخ) ۷۶/۱

معجزات القرآن ۔ محمد حسین جیلانی ۔ پیسہ اخبار لاہور ۱۹۰۴ء ص ۱۲۴

معجزات القرآن ۔ حیدری حیدر آباد دکن (بدون تاریخ) ص ۲۰

معجزہ قرآن ۔ احمد الدین ۔ روز بازار پریس، امرتسر (بدون تاریخ) ص ۸۸

معجزۂ قرآن مجید ۔ ادریس احمد ۔ نظامی پریس، بدایوں ۱۹۳۴ء ص ۱۲۴

معجزہ فرقان ۔ الفت حسین ۔ دہلی ۱۸۷۰ء ص ۵۶

## تاریخ نزول و تدوین قرآن

اسباب النزول ۔ عبد الحق دہلی ۱۸۹۲ء ص ۳۲

انتخاب تاریخ القرآن ۔ ظہور الحسن ناظم ۔ ایم ثناء اللہ خاں، لاہور ۱۹۵۹ء ۸۷ + ۲۸ + ۱۲۶ + ۵۵

برہان التنزیل ۔ محمد مسلم ۔ علمی کتب خانہ، دیوبند ۱۹۳۱ء ص ۳۳۲

بیان القرآن (جمع قرآن اور دیگر بحثیں) عبد الباری فرنگی محلی ۔ کواپریٹیو پریس لاہور ۱۹۴۳ء ص ۳۶

پیام امین (تدوین اور دیگر مباحث) عبداللہ منہاس۔ شرکت ادبیہ، امرتسر ۱۹۲۵ء ص ۵۶۲

تاریخ جمع القرآن۔ سید محمد عاصم بہاری۔ آغا تاج احمد برادرس، حیدرآباد سندھ ۱۹۵۲ء ص ۱۱۶

تاریخ صحف سماوی (قرآن اور دیگر صحف سماوی کی ترتیب وتدوین پر بحث) نواب علی ایم۔ اے
نولکشور۔ لکھنؤ ۱۹۵۲ء ص ۲۲۵

تاریخ القرآن۔ شریف احمد مکتبہ رشیدیہ (بدون تاریخ) ص ۲۳۶

تاریخ القرآن۔ عبدالصمد صارم الازہری۔ مکتبہ معین الادب لاہور ۱۹۶۷ء ص ۲۵۶

تاریخ القرآن۔ عبداللطیف رحمانی۔ شاہ ابوالخیر اکیڈمی۔ دہلی ۱۹۸۳ء ص ۱۴۳

تاریخ القرآن۔ اسلم جیراجپوری۔ طبع دوم۔ علی گڑھ ۱۳۲۱ھ ص ۱۲۶

تاریخ قرآن۔ محمد عبدالقیوم ندوی۔ محمد سعید اینڈ سنز کراچی ۱۹۷۷ء ص ۱۷۶

تاریخ القرآن۔ نذیر الحق۔ حمیدیہ پریس۔ دہلی ۱۹۳۲ء

تاریخ قرآن جمع وتدوین اور مصاحف عثمانی۔ محمد عبدہ۔ عبداللہ سلیم۔ ساہیوال (بدون تاریخ) ص ۹۲

تاریخ نزول قرآن۔ محمد تقی عثمانی۔ مرکز دعوت اسلام دیوبند ۱۹۸۵ء ص ۸۷

تاریخ نزول قرآن۔ حمید نسیم۔ کلاسک آرٹس۔

تاریخ نزول قرآن اور علم حدیث۔ محمد تقی عثمانی۔ مرکز دعوت اسلام۔ دیوبند۔ ۱۹۸۵ء ص ۸۷

تدبیر القرآن۔ عمر دراز غوری۔ سلطان حسین اینڈ سنز، کراچی ۱۹۶۷ء ص ۵۵۴

تدوین قرآن۔ غلام ربانی۔ مکتبہ برہان۔ دہلی ۱۹۸۹ء ص ۱۱۲

تدوین قرآن۔ مناظر احسن گیلانی (مرتب غلام ربانی) مکتبہ اسحاقیہ کراچی ۱۹۷۶ء ص ۱۱۲

تدوین قرآن۔ محمد احمد اعظمی مصباحی۔ ادارہ تصنیفات امام احمد رضا۔ کراچی (بدون تاریخ) ص ۳۲۴

ترتیب الفرقان۔ ظہیر الدین خاں۔ مدراس ۱۹۱۱ء ص ۱۰۰

ترتیب القرآن۔ احمد جودت آفندی۔ بمبئی ۱۳۵۵ھ

ترتیب القرآن۔ محمد خلیل الرحمان۔ کواپریٹو پریس ۱۹۲۳ء ص ۳۶

ترتیب نزول قرآن۔ محمد اجمل خاں ایم۔ اے کتب خانہ عزیزیہ، دہلی ۱۹۴۴ء ص ۹۹

تسہیل القرآن (جمع قرآن و رسم خط کے اصول ونظام کا بیان) محمد حافظ شبلی بکڈپو لکھنؤ ۱۹۳۸ء ص ۱۳۲

تفسیر آیات۔ حفاظت قرآن۔ عمدہ المطابع لکھنؤ ۱۳۵۷ھ ص ۶۰

جمع قرآن۔ محمد علی ایم اے انجمن اشاعت اسلام ص ۱۵۲

جمع القرآن ۔ عطاء اللہ ۔ طلوع اسلام کراچی لاہور (بدون تاریخ) ص ۷۹

جمع قرآن ۔ علامہ تمنا عمادی لاہور ۱۹۷۰ء ص ۱۰۵

جمع القرآن والاحادیث ابوالقاسم محمد خاں بار اول آل انڈیا اہل حدیث دار الاشاعت لاہور (ب ت) ص ۶۳

جمع و تدوین قرآن ۔ سید صدیق حسن ۔ طبع دوم ۔ معارف اعظم گڑھ ۱۹۸۶ء ص ۸۵

رسالہ اسباب النزول ۔ احمد رضا لکھنو ۱۹۷۰ء ص ۳۲

شان قرآن (نزول و تدوین قرآن کی بحث) فرید وجدی (مترجم عبدالحکیم) دفتر رسالہ محدث دہلی ۱۹۳۴ء ص ۸۸

شانِ نزول قرآن کریم ۔ محمد اجمل خاں ۔ سنی پبلی کیشنز لاہور ۱۹۸۳ء ص ۱۱۸

عرفات (نزول قرآن سے متعلق مضامین) سیرت اکیڈمی کراچی ۱۹۶۸ء ص ۱۲۸+۱۱۳ = ۲۴۱

شہادت القرآن علی جمع القرآن ۔ عطاء اللہ ۔ ادارہ طلوع اسلام لاہور (بدون تاریخ) ص ۸۰

قرآن پاک (مختصر جمع قرآن کی تاریخ) عبدالواحد سندھی ۔ مکتبہ جامعہ ملیہ ۔ دہلی ۱۹۳۸ء ص ۸۰

قرآن جناب رسول خدا پر کس طرح نازل ہوا ۔ سر سید احمد خاں ۔ نوبہار بکڈپو لاہور (بدون تاریخ) ص ۸۱

کاتبان وحی ۔ محمد طاہر رحیمی ناشر مسجد سراجان حسین آگاہی ملتان (بدون تاریخ) ص ۱۰۰

قرآن مجید کا نزول اور وحی ۔ محمود الحق خسرو انٹرنیشنل پریس ، کراچی ۱۹۶۹ء ص ۵۲۸

کشاف الہدیٰ (تاریخ نزول قرآن کے علاوہ دیگر مباحث) یعقوب حسن مدراسی سیٹھ ۔ دفتر کتاب الہدیٰ مدراس ۱۳۴۳ھ ص ۲۷۶ ۔

معارف القرآن (جمع و ترتیب اور دیگر مباحث) کتابستان ، الہ آباد ۱۹۵۴ء ص ۱۲۸

معلومات قرآن (تاریخ جمع قرآن وغیرہ) انتظام اللہ شہابی ۔ منیجر پیشوا دہلی ۱۳۵۲ھ ص ۲۶۴

سلسلہ مطبوعات موتمر المصنفین (۳۸)

میری علمی اور مطالعاتی زندگی

ترتیب
مولانا عبدالقیوم حقانی

موتمر المصنفین

# *The First Name in Bicycles, brings ANOTHER FIRST*

## SOHRAB VIP SPORTS

Sohrab, the leading national bicycle makers now introduce the last word in style, in elegance, in comfort... absolutely the last word in bicycles.




**PAKISTAN CYCLE INDUSTRIAL COOPERATIVE SOCIETY LIMITED**

National House, 47 Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore, Pakistan.

Tel: 7321026-8 (3 Lines). Telex: 44742 CYCLE PK. Fax: 7235143. Cable: BIKE